104	وہ ہم آواز الفاظ جو کسی شعر میں ردیف سے پہلے آتے ہیں کیا کہلاتے ہیں:	مطلع	مقطع	ردیف	**قافیہ ✓**
105	غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر کہلاتا ہے:	**مطلع ✓**	مقطع	قافیہ	ردیف
106	ردیف سے پہلے آتا ہے:	استعارہ	**قافیہ ✓**	مطلع	مقطع
107	بہت دیر کی مہرباں آتے آتے (اس میں "آتے آتے" ہے):	قافیہ	**ردیف ✓**	تشبیہ	مطلع ثانی
108	قافیہ کی جمع ہے:	**قوافی ✓**	وقوف	قفیٰ	قاف
109	مان، جان، تان شعری اصطلاح میں کیا ہیں؟	ردیف	**قافیہ ✓**	مہمل الفاظ	مطلع
110	اصطلاحاً کون سا شعر غزل کا مقطع ہوتا ہے:	پہلا	دوسرا	**آخری (جس میں تخلص ہو) ✓**	آخری سے پہلا
111	آپ آئے یہ جہاں کے بحر و بر روشن ہوئے، ظلمتوں میں جو گھرے تھے وہ نگر روشن ہوئے (قافیہ کی نشان دہی کیجیے):	بحر و بر	ہوئے، ہوئے	روشن، روشن	**بر، نگر ✓**
112	نازکی اس کے لب کی کیا کہیے، پنکھڑی اک گلاب سی ہے (اس شعر میں تشبیہ دی گئی ہے؟):	لب کو گلاب سے	**لب کو پنکھڑی سے ✓**	لب کو نازکی سے	لب کو نہیں دی
113	غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں (اگر اس میں تخلص ہو):	**مقطع ✓**	مطلع	قافیہ	ردیف
114	مقطع میں موجود شعرا کا قلمی نام کہلاتا ہے:	لقب	خطاب	**تخلص ✓**	کنیت
115	یہ مقطع ہے:	عقل گو آستاں سے دور نہیں	**عاشقی ہو یا شاعری حسرت ✓**	غم ہے یا خوشی ہے تو	گل کو محبوب ہم قیاس کیا
116	گلدستہ معنی کس عجب ڈھنگ سے باندھوں، اک پھول کا مضمون ہو تو سو رنگ سے باندھوں (اس میں قافیہ ہے):	گلدستہ معنی	پھول کا مضمون	**ڈھنگ رنگ ✓**	باندھوں باندھوں
117	کتاب عمر کا اک اور باب ختم ہوا، شباب ختم ہوا اک عذاب ختم ہوا (اس میں قافیہ ہیں):	عذاب، باب	باب، شباب	**عذاب، شباب (اور باب) ✓**	کتاب، عذاب
118	مقطع کی پہچان ہے:	قافیہ	ردیف	**تخلص ✓**	تعلیٰ
119	وقت اچھا بھی آئے گا ناصر، غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی (یہ شعر اصطلاح میں ہے):	ردیف	قافیہ	مطلع	**مقطع ✓**
120	قافیے کا لغوی مفہوم ہے:	**پے درپے / پیچھے آنے والا ✓**	آگے آنے والا	دیر سے آنے والا	جلد آنے والا

M QADIR RAFIQUE

121	اس کے جاتے ہی یہ کیا ہوگئی گھر کی صورت، نہ وہ دیوار کی صورت ہے نہ در کی صورت (ردیف کی نشاندہی کیجیے):	گھر، در	کی، کی	صورت	**کی صورت ✔**
122	کارواں سست رہبر خاموش، کیسے گزرے گا یہ سفر خاموش (قوافی کی نشاندہی کریں):	خاموش، خاموش	**رہبر، سفر ✔**	سفر، نگر	نگر، رہبر
123	ابنِ مریم اور آبِ حیات کیا ہیں:	قافیہ	ردیف	مطلع	**تلمیح ✔**
124	مطلع کے دونوں مصرعوں میں ردیف سے پہلے آنے والے ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں:	استعارہ	**قافیہ ✔**	ردیف	مقطع
125	مطلع کے دونوں مصرعے لازماً ہوتے ہیں:	ہم ردیف	مربوط	**ہم قافیہ و ہم ردیف ✔**	ہم قافیہ
126	"اس پہ کی ہوتی، میں نثار اے کاش" میں قافیہ ہے:	کاش	**نثار ✔**	کی ہوتی	اے کاش
127	تشبیہ ہے:	**چاند جیسا چہرہ ✔**	وہ شیر ہے	شمع پروانہ	گل و بلبل
128	"وجہ جامع" اہم رکن ہے:	**استعارہ کا ✔**	تلمیح کا	تشبیہ کا	مقطع کا
129	جس غزل میں ردیف موجود ہو، اسے کہتے ہیں:	مسلسل غزل	**مردف غزل ✔**	غیر مردف غزل	مقفی غزل
130	اگر غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرع ہم قافیہ نہ ہوں تو وہ کہلائے گا:	مطلع	غزل کا آخری شعر	مقطع	**غزل کا پہلا شعر ✔**
131	شعری اصطلاح میں قافیہ ہے:	ایک جیسے الفاظ	**ردیف سے پہلے ہم آواز اور ہم وزن الفاظ ✔**	مختلف الفاظ	مستقل الفاظ
132	اگر غزل کے آخری شعر میں شاعر نے تخلص استعمال نہ کیا ہو تو وہ کہلائے گا:	بند	مطلع	**غزل کا آخری شعر ✔**	مقطع
133	مقطع میں شاعر استعمال کرتا ہے:	اپنی قوم	اپنا مقام	اپنی ذات	**اپنا نام (تخلص) ✔**
134	کسی تاریخی، مذہبی یا افسانوی واقع کی طرف اشارہ کرنا، کہلاتا ہے:	استعارہ	**تلمیح ✔**	کنایہ	تشبیہ
135	استعارہ کے معنی ہیں:	**ادھار لینا ✔**	مانند قرار دینا	سمجھ لینا	اشارہ کرنا
136	مطلع کے لیے دو مصرعوں کا کیا ہونا ضروری ہے؟	موزوں	برابر	ہم ردیف	**ہم قافیہ ✔**
137	وہ الفاظ جو شعر کے آخر میں بار بار آئیں:	لقب	مقطع	**ردیف ✔**	قافیہ
138	تھکیں جو پاؤں تو چل سر کے بل، نہ ٹھہر آتش... (اصطلاحِ شعر میں یہ شعر کیا ہے؟):	قافیہ	حسن مطلع	**مقطع ✔**	مطلع
139	ردیف۔۔۔۔۔۔ الفاظ کو کہتے ہیں:	ہم معنی	**ایک جیسے (جوں کے توں) ✔**	ہم آواز	متضاد
140	۔۔۔۔۔ غزل کے مکمل ہونے کا احساس دلاتا ہے:	مطلع	**مقطع ✔**	قافیہ	ردیف
141	ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا، آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا (اس شعر میں قافیہ ہے):	ابتدائے عشق	ہے کیا	**روتا، ہوتا ✔**	آگے آگے
142	قافیہ کی بنیادی شرط ہے:	**ہم آواز ✔**	ہم ردیف	ہم مرتبہ	متضاد
143	اگر آخری شعر کے علاوہ شاعر اپنا تخلص استعمال کرے تو وہ کہلائے گا:	مقطع	مقطع ثانی	مطلع ثانی	**عام شعر ✔**

MQADIR RAFIQUE

144	شاعری میں دو الفاظ جو وزن اور صورت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں، کہلاتے ہیں:	ردیف	**قافیہ ✓**	تکرار	مرکب
145	"ردیف" کے الفاظ ہوتے ہیں:	ہم آواز	سادہ	مہمل	**ہم شکل ✓**
146	غزل میں قافیہ کے فوراً بعد کیا آتا ہے؟	مطلع	مقطع	**ردیف ✓**	تخلص
147	افق پر چاند اور سورج نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں:	مقطع	**مطلع ✓**	قافیہ	ردیف
148	شاعری میں قافیہ آسکتا ہے:	**ردیف کے بغیر ✓**	مقطع کے بغیر	مطلع کے بغیر	قصیدے کے بغیر
149	غزل اور قصیدے میں کس کا ہونا ضروری ہے؟	تخلص	ردیف	**مطلع / قافیہ ✓**	مقطع
150	مطلع کی نشاندہی کریں:	**اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا ✓**	تم میرے پاس ہوتے ہو گویا	مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے	جو برائی تھی میرے نام سے منسوب ہوئی

مذکر و مونث

نمبر	سوال	(A)	(B)	(C)	(D)
1	"خواتین ڈائجسٹ" چھپ---------:	**گیا ✓**	گئی	گئے	گئیں
2	ڈاکٹر نے میرے زخموں پر مرہم:	**لگایا ✓**	لگائی	لگائے	لگائی تھی
3	اس........ طوطی بولتا ہے:	**کا ✓**	کے	کی	کو
4	بال جبریل------ کیا دام ہیں؟	کا	**کے ✓**	کی	کو
5	نوکرانی نے آج کمرے میں جھاڑو نہیں:	**دیا ✓**	لگایا	دی	کیا
6	یہ صہیب------ سائیکل ہے:	**کی ✓**	کا	کے	کو
7	لڑکوں نے تاش------:	کھیلی	کھیلے	**کھیلا ✓**	کھیلائے
8	کراچی سے تار------:	آتے ہیں	آئی ہے	**آیا ہے ✓**	آئی ہیں
9	یہ------ سبزی ہے:	**تازی ✓**	تازے	تازہ	تازیں
10	محفل میں جمائی------ اچھی بات نہیں:	**لینی ✓**	لیتا	لینا	لیتے
11	اس------ ناک ستواں ہے:	کا	کے	**کی ✓**	کو
12	موم پگھل------ ہے:	رہی	رہے	رہتی	**رہا ✓**
13	مضروب کو بہت دیر بعد ہوش------	آئی	آئے	**آیا ✓**	آئیں
14	تلوار------ نیام خوب صورت ہے:	**کی ✓**	کا	کو	کس
15	دس روپے ------ دہی لے آؤ:	کی	کو	**کا ✓**	کے
16	مکتوبات اقبال چھپ------ ہے:	گئے	**گیا ✓**	گئیں	گئی
17	سڑک پر تارکول------:	ڈالی گئی	**ڈالا گیا ✓**	ڈالے گئے	نہیں ڈالی گئی
18	خاکروب نے جھاڑو نہیں------:	دیئے	**دیا ✓**	دیں	دی
19	آپ کو کس بات کی فکر ہے؟	کا	**کی ✓**	کے	کو
20	اسے قبض---ہے:	رہتی	**رہتا ہے ✓**	رہتے	رہی
21	لڑکیوں نے شور---:	**مچایا ✓**	مچائے	مچاؤ	مچائی

M QADIR RAFIQUE

22	رضوان ------ املا درست ہے:	کی	کے	کا✓	کو
23	نماز عید الاضحیٰ ٹھیک 7 بجے ادا -------:	کی جائے گی✓	کیا جائے گا	کی جائے گا	کی جائیں گی
24	میں نے رات کو ایک خواب ---:	دیکھا✓	دیکھی	دیکھیں	دیکھو
25	دوا کھانے سے قبض ---:	جاتا رہا✓	جاتے رہے	جاتی رہی	چلی جائے
26	------- قلم نہایت قیمتی ہے:	میری	میرے	میرا✓	ہمارے
27	"بانگ درا" کس ------ کی تصنیف ہے؟	کے	کی✓	کیں	کا
28	ذرا سی دیر میں جھاگ:	بیٹھ گئی✓	بیٹھ گیا	بیٹھ گئے	بیٹھ گئیں
29	میں نے بائیسکل ----- ہے:	خریدی✓	خریدا	خریدے	خریدیں
30	اس نے قلم دوات میز پر ---:	رکھا	رکھی✓	رکھے	رکھیں
31	"جاوید نامہ" علامہ اقبال --------- ہے:	کا تصنیف	کی تصنیف✓	نے لکھا	فارسی میں لکھا
32	فٹ بال -------- پسندیدہ کھیل ہے:	میری	میرا✓	ہماری	میرے
33	میں نے آج کا اخبار ------:	پڑھی ہیں	پڑھے ہیں	پڑھا ہے✓	پڑھی ہے
34	بارش کے بعد کیچڑ ہو -----:	گئیں	گئے	گیا✓	گئی
35	میں نے زخم پر مرہم ---------:	لگائی	لگایا✓	لگائے	لگائیں
36	گنگا ہندوستان --------- ہے:	میں بہتا	سے نکلتا	میں بہتی✓	میں گرتا
37	سورۃ یوسف ------- شان نزول کیا ہے؟	کا	کی✓	کو	کیں
38	کان میں درد ہو ---------:	رہا ہے✓	رہی ہے	رہے ہیں	رہی تھی
39	انہوں نے بلاوجہ میرے خلاف ساز باز ---------:	کے	کی✓	کا	کو
40	خالد --- رجحان تدریس کی طرف ہے:	کے	کی	کا✓	کو
41	آج چمن میں کیا خوب پون چل ---- ہے؟	رہے	رہی✓	رہیں	رہا
42	یہ قلم دوات کس -----------؟	کے ہیں	کے ہے	کیں ہیں	کی ہے✓
43	ہم نے علامہ اقبال کے مزار پر فاتحہ:	پڑھا	پڑھی✓	پڑھے	پڑھو
44	------ دہی میں چینی ڈالو:	کھٹے✓	کھٹا	کھٹی	کھٹیں
45	اکرم نے ٹکٹ ------ اور گاڑی میں سوار ہو گیا:	لیا✓	لی	حاصل کی	کٹوائی
46	کراچی لاہور سے --------- دور ہے؟	کتنا✓	کتنی	کتنے	کتنا
47	دو روپے ------ گوند لاؤ:	کی	کے	کا✓	کو
48	یہ ----- روٹی ہے:	تازہ	تازی✓	تازے	تازیں
49	راوی لاہور کے قریب ------ ہے:	بہتی	بہتے	بہتا✓	رہتی
50	علی نے سرخ پتنگ ------ ہے:	خریدے	خریدی✓	خریدا	خریدیں
51	روزنامہ جنگ لاہور سے شائع ---------:	ہوتی ہے	ہوتا ہے✓	ہوتے ہیں	ہوتی ہیں
52	میں نے قصہ "چہار درویش" --------:	پڑھا✓	پڑھی	پڑھے	پڑھیں
53	ہر چمکتی چیز سونا نہیں ------:	ہوتا	ہوتے	ہوتیں	ہوتی✓
54	ہوش و حواس -------:	جاتا رہا	جاتے رہے✓	جاتی رہی	جاتی رہیں

M QADIR RAFIQUE

55	اس نے اونٹ ------- نکیل پکڑی:	کا	کی ✓	کو	کے
56	اس ------- رجحان فوج کی طرف ہے:	کا ✓	کی	کے	کو
57	خالد نے ٹکٹ ------ اور گاڑی پر سوار ہو گیا:	لی	لیا ✓	لیے	لیں
58	وزیر نے حلف اُٹھا ----------:	لی	لیا ✓	لئے	لیں
59	صابن سے جسم ---------- میل اتر جاتا ہے:	کا ✓	کی	کو	کے
60	میں نے منڈی سے دو من گندم ---------:	خریدیں	خریدے	خریدا	خریدی ✓
61	آپ کے جسم پر میل ------ ہے:	جمی ہوئی	جما ہوا ✓	جمے ہوئے	جمی ہوئیں
62	غصے سے ----------:	میری ہوش جاتی رہی	مجھے ہوش بھول گئی	میری ہوش ختم ہوگئی	میرا ہوش جاتا رہا ✓
63	یہ مرض جلد ---- نہیں:	جانے والا ✓	جانے والی	دور ہونے والی	چھوڑنے والی
64	حامد نے اُونٹ کو نکیل -----:	ڈالی ✓	ڈالا	ڈالے	ڈالو
65	یہ عورت بڑی ------ ہے:	لڑاکو	لڑاکی	لڑاکا ✓	لڑاکے
66	یہ ربڑ ------ گیند ہے:	کا	کے	کو	کی ✓
67	پولیس دھماکے کی آواز سن کر --------- ہو گئی:	چوکنا	چوکنی ✓	چوکنیاں	چوکنے
68	شاید زمانے کی آنکھ میں حیا نہیں:	رہا	رہی ✓	رہے	رہو
69	راستے میں دلدل آ ------:	گیا	گئیں	گئے	گئی ✓
70	عابدہ آفت ------ پر کالا ہے:	کی ✓	کے	کو	کا
71	میرا ضمیر مجھے برائی سے ---- ہے:	روکتا ✓	روکتی	روکتیں	روکتے
72	خطرناک قیدیوں کو ----- جیل میں بھیج دیا:	نئی	نئے ✓	نیا	بالکل نئی
73	---- گھاس دیکھ کر دل خوش ہو گیا:	ہرا ہرا	ہری ہری ✓	ہرے ہرے	ہرا ہی ہرا
74	میز خالی --------- ہے:	پڑا	پڑی ✓	پڑیں	پڑے
75	میرے قلم --- نب خراب ہے:	کا	کے	کو	کی ✓
76	اس --- ترازو صحیح نہیں:	کا ✓	کے	کو	کی
77	---- چال چلن ٹھیک نہیں:	تمہارا ✓	تمہاری	تمہارے	اس کے
78	ترازو ٹوٹ -------:	گئی ہے	گئے ہے	گیا ہے ✓	گئی ہیں
79	نماز مومن ------ معراج ہے:	کی ✓	کا	کو	کی
80	اکرم کو دوبارہ قے --------:	ہوا	ہوئی ✓	ہوئے	ہوئیں
81	بارش کی وجہ سے کیچڑ پھیل ---:	گئے	گیا ✓	گئی	گے
82	تم نے کیا اودھم مچا ------ ہے؟	رکھا ✓	رکھی	رکھے	رکھیں
83	ایک روپے ---------- زعفران لاؤ:	کی	کا ✓	کو	کے
84	میں نے رات "بانگ درا ----:	پڑھا	پڑھے	پڑھی ✓	دیکھا
85	دشمنوں ----- لعن طعن سے مت ڈرنا:	کی ✓	کا	کے	کیے
86	حمزہ نے سائیکل -----:	خریدا	خریدے	خریدی ✓	خریدو
87	کھاری پانی سے صابن پھٹکیاں پیدا --------- ہے:	کرتا ✓	کرتی	کرتے	کرتیں

MQADIR RAFIQUE

88	تم۔۔۔ فکر نہ کرو، اپنے بارے میں سوچو:	میرے	**میری✓**	میرا	تمہارا
89	آپ کے مزاج۔۔۔۔۔۔۔ ہیں:	کیسا	**کیسے✓**	کیسی	کیسیں
90	فروری گزر۔۔۔۔۔۔۔ اور مارچ آگیا:	**گئی✓**	گیا	گئے	گئیں
91	یہ راہ کہاں ختم ہو۔۔۔۔۔۔۔؟	گا	**گی✓**	گے	گئے
92	رات سے چھت ٹپک۔۔۔۔۔۔ ہے:	رہا	رہے	**رہی✓**	رہیں
93	نیکی۔۔۔۔۔۔ راہ بہت کٹھن ہے:	کے	کا	**کی✓**	کو
94	اس نلکے کا پانی۔۔۔۔۔۔ ہے۔	کھاری	**کھارا✓**	کھارے	بھارا
95	لڑکیوں نے کہا "ہم نہیں جائیں۔۔۔۔:	گی	**گیں✓**	گے	گا
96	جنگ اخبار لاہور، کراچی اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ۔۔۔۔۔۔:	ہوتی ہیں	**ہوتا ہے✓**	ہوتی ہے	ہوتے ہیں
97	ساجدہ اس کی بات سن کر۔۔۔۔۔۔۔۔ رہ گئی:	**ہکی بکی✓**	ہکا بکا	ہکی بکے	بکے بکے
98	مجھ پر کیچڑ۔۔۔۔:	اچھالی گئی	**اچھالا گیا✓**	گرایا گیا	پھینکا گیا
99	علی کو اُردو نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔:	آتا	آتیں	آتے	**آتی✓**
100	احمد نے ابھی ہوش نہیں۔۔۔۔۔۔۔ کہ اس کا والد وفات پا گیا۔	سنبھالی تھی	**سنبھالا تھا✓**	سنبھالے تھے	سنبھالتا تھا
101	اس سے اسے قبض۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔	رہتی	**رہتا✓**	رہتے	رہی
102	یہ سب۔۔۔۔۔۔۔ کرتوت ہیں۔	**تمہارے✓**	تمہارا	تمھاری	اپنی
103	اس نے اسی پر اکتفا۔۔۔۔۔۔۔۔۔	**کیا✓**	کیے	کی	کرتا
104	سلیم۔۔۔۔۔۔۔ ناک موٹی ہے۔	کا	**کی✓**	کو	کے
105	اسے بادشاہ نے خلعت عطا۔۔۔۔۔۔۔	کیا	کیے	**کی✓**	کرتا
106	اس کپڑے۔۔۔۔۔۔ آب بگڑ گئی۔	کا	**کی✓**	کے	کو
107	اس۔۔۔۔۔۔۔ بیاض چھپ گئی ہے۔	کا	کے	**کی✓**	کو
108	تین روپے۔۔۔۔۔۔۔ لونگ لے آؤ:	کے	**کی✓**	کو	کی
109	غلے۔۔۔۔۔ افراط خوشی کا موجب ہے۔	کا	کے	کو	**کی✓**
110	دل۔۔۔۔۔۔۔ جلن دور ہو تو کچھ کہوں۔	کا	کے	کو	**کی✓**
111	۔۔۔۔۔۔ بود و باش آج کل خان پور میں ہے۔	ہمارا	**ہماری✓**	ہمارے	تمہارے
112	زادِ راہ ختم۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔	ہو گئی	ہو گئے	**ہو گیا✓**	ہوئی
113	یہ اُردو۔۔۔۔۔۔ بہترین لغت ہے۔	**کی✓**	کے	کا	کو
114	وہ۔۔۔۔۔۔ مانند ستم رسیدہ ہے۔	**میری✓**	میرے	میرا	تمہاری
115	تمھیں ہر بات پر واویلا نہیں۔۔۔۔۔۔۔ چاہیے۔	**کرنا✓**	کرنے	کرو	کرنی
116	اس نے اُونٹ کی نکیل۔۔۔۔۔۔۔۔	پکڑا	پکڑو	**پکڑی✓**	پکڑے
117	تم نے اس حرف پر زبر کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔؟	**دی✓**	دو	دیتا	دیا
118	علاج سے مرض۔۔۔۔۔۔۔	بڑھتی گئی	**بڑھتا گیا✓**	بڑھتے گئے	بڑھ رہی
119	چار روپے۔۔۔۔۔ گوند خرید لاؤ۔	**کا✓**	کے	کو	کی
120	سائرن بجتے ہی ساری فوج۔۔۔۔۔۔۔ ہو گئی۔	**چوکنی✓**	چوکنے	چوکنا	چکنو

M QADIR RAFIQUE

121	احسان علی مسائل۔۔۔۔۔۔۔۔۔دلدل میں پھنس چکا ہے۔	کے	کا	کی ✓	کو
122	تمھیں گرم چیزوں سے پرہیز۔۔۔۔۔۔۔۔چاہیے۔	کرنی	کرنے	کرنا ✓	کرو
123	۔۔۔۔۔۔۔۔ڈکار آئیں تو ایک دو وقت فاقہ کرنا چاہیے۔	کھٹے	کھٹی ✓	کھٹا	میٹھا
124	پیاز بہت۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	مہنگا ہو گیا ✓	مہنگے ہو گئے	مہنگی ہو گئی	مہنگا ہو چکا
125	آپ کے ماہانہ اخراجات۔۔۔۔۔۔۔۔اوسط کتنا ہے؟	کی	کے	کو	کا ✓
126	۔۔۔۔۔۔۔۔پڑوس میں نئے کرائے دار آئے ہیں۔	ہماری	ہمارا	ہمارے ✓	ہماری
127	کافروں کو آخرت میں جہنم ملے۔۔۔۔۔۔۔۔	گی ✓	گا	گے	گیں
128	اگست کے مہینے میں بہت حبس ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	جاتی	جاتے	جاتا ✓	گئی
129	اس نے باپ کی کمائی پر بہت عیش۔۔۔۔۔۔۔۔	کی	کیے	کیا ✓	کو
130	موم پگھل کر ضائع ہو۔۔۔۔۔۔۔۔	گئی	گئے	گیا ✓	چکی
131	انسانی جذبات و احساسات۔۔۔۔۔۔۔۔کوئی مستقل اساس نہیں۔	کا	کے	کو	کی ✓
132	مریض۔۔۔۔۔۔۔۔نبض درست نہیں۔	کا	کے	کو	کی ✓
133	یہاں پر ریل گاڑی جا۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	چکا	چکی ✓	چکے	چکو
134	۔۔۔۔۔۔۔۔معاش تو سفر کے ساتھ وابستہ ہے۔	ہمارا	ہمارے	ہماری ✓	تمھارا
135	مسجد۔۔۔۔۔۔۔۔محراب بہت خوبصورت ہے۔	کا	کے	کی ✓	کو
136	شہر میں ہیضے کی وبا پھیل۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	گیا	گئے	گئی ✓	چکا
137	برسات میں مچھروں۔۔۔۔۔۔۔۔یلغار ہو جاتی ہے۔	کا	کے	کی ✓	کو
138	۔۔۔۔۔۔۔۔محل سرا گرائی جا رہی ہے۔	پرانا	پرانے	نیا	پرانی ✓
139	اس نے ہماری عرض غور سے۔۔۔۔۔۔۔۔	سنے	سنو	سنا	سنی ✓
140	اس۔۔۔۔۔۔۔۔ترنم بہت اچھا ہے۔	کی	کا ✓	کے	کو
141	گنگا۔۔۔۔۔۔۔۔چھوٹی نہیں ہے۔	اتنا	اتنے	اتنی ✓	کتنا
142	سمندر کا پانی۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔	کھارا ✓	کھاری	کھارے	کھارو
143	وہ۔۔۔۔۔۔۔۔سسرال میں بہت مشہور ہے۔	اپنی ✓	اپنا	اپنوں	اپنے
144	میں نے پہاڑی درہ۔۔۔۔۔۔۔۔	دیکھی	دیکھے	دیکھو	دیکھا ✓
145	مالی نے گلاب کی قلم لگا۔۔۔۔۔۔۔۔	دیا	دیے	دو	دی ✓
146	گندم۔۔۔۔۔۔۔۔فروخت جاری ہے۔	کا	کے	کو	کی ✓
147	اُردو بازار میں حکیم صاحب۔۔۔۔۔۔۔۔مطب تھا۔	کی	کا ✓	کے	کو
148	عمران کا تقرر ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	گئی	گئے	گیا ✓	چکی
149	اس سال گیہوں بہت زیادہ پیدا۔۔۔۔۔۔۔۔	ہوئی	ہوا ✓	ہوئے	ہوتی
150	ہر شخص سے تمھاری تکرار۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	ہوتا	ہوتے	ہو چکا	ہوتی ✓

M QADIR RAFIQUE

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل پیراگراف کی سیاق و سباق کے حوالے تشریح کریں۔

140 اہم ترین نثری اقتباسات

1۔ سبق: اخلاقِ نبوی ﷺ

1. اخلاق کا سب سے مقدّم اور ضروری پہلو یہ ہے کہ انسان جس کام کو اختیار کرے اس پر اس قدر استقلال کے ساتھ قائم رہے کہ گویا وہ اس کی فطرتِ ثانیہ بن جائے۔ انسان کے سوا تمام دنیا کی مخلوق صرف ایک ہی قسم کا کام کر سکتی ہے اور وہ فطرتاً اس پر مجبور ہے۔

2. سنت وہ فعل ہے، جس پر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ مداومت فرمائی ہے اور بغیر کسی قوی مانع کے کبھی اس کو ترک نہیں فرمایا۔ اس بنا پر جس قدر سنن ہیں وہ در حقیقت آپ ﷺ کی استقامتِ حال اور مداومتِ عمل کی ناقابلِ انکار مثالیں ہیں۔

3. یہ محبت اور شفقت مسلمان بچوں تک محدود نہ تھی بلکہ مشرقین کے بچوں پر بھی اسی طرح لطف فرماتے تھے۔ ایک دفعہ ایک غزوہ میں چند بچے جھپٹ میں آ کر مارے گئے۔ آپ ﷺ کو خبر ہوئی تو نہایت آزردہ ہوئے۔

4. حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب آپ ﷺ کی خدمت میں تشریف لاتیں تو آپ ﷺ کھڑے ہو جاتے، ان کی پیشانی کو چومتے اور اپنی نشست گاہ سے ہٹ کر اپنی جگہ بٹھاتے۔ حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بے انتہا محبت تھی، فرماتے تھے کہ یہ میرے گل دستے ہیں۔

5. معمول یہ تھا کہ کسی سے ملنے کے وقت ہمیشہ پہلے خود سلام و مصافحہ فرماتے۔ کوئی شخص جھک کر آپ خاتم النبیین ﷺ کے کان میں کچھ بات کہتا تو اس وقت تک اس کی طرف سے رُخ نہ پھیرتے جب تک وہ خود منھ نہ ہٹائے۔

6. مجالس صحبت میں لوگوں کی ناگوار باتوں کو برداشت فرماتے اور اس کا اظہار نہ کرتے۔ کسی شخص کی کوئی بات ناپسند آتی تو اکثر اُس کے سامنے اُس کا تذکرہ نہ فرماتے۔

7. کسی کی کوئی بات بُری معلوم ہوتی تو مجلس میں نام لے کر اُس کا ذکر نہیں کرتے تھے، بلکہ صیغۂ تعمیم کے ساتھ فرماتے تھے کہ لوگ ایسا کرتے ہیں۔ لوگ ایسا کہتے ہیں بعض لوگوں کی یہ عادت ہے۔ یہ طریقہ ابہام اس لیے اختیار فرماتے تھے کہ شخصِ مخصوص کی ذلت نہ ہو۔

8. معمول تھا کہ جب فصل کا نیا میوہ کوئی خدمت اقدس میں پیش کرتا تو حاضرین میں جو سب سے زیادہ کم عمر بچہ ہوتا اس کو عنایت فرماتے۔ بچوں کو چومتے اور ان کو پیار کرتے تھے۔

2۔ سبق: فاقہ میں روزہ

9. مرزا نے اس صلاح کو پسند کیا اور دوسرے دن مصاحبوں کو لے کر جامع مسجد پہنچے۔ وہاں جا کر عجب عالم دیکھا۔ جگہ جگہ حلقہ بنائے لوگ بیٹھے ہیں۔ کہیں قرآن شریف کے دور ہو رہے ہیں۔ رات کے قرآن سنانے والے حفاظ ایک دوسرے کو قرآن سنا رہے ہیں۔

10. جب انگریزی توپوں اور سنگینوں نے ہمارے ہاتھ سے تلوار چھین لی، تاج سر سے اتار لیا، تخت پر قبضہ کر لیا۔ شہر میں آتش ناک گولیوں کا مینہ برس چکا۔ چھوٹے، بن باپ کے بچے ابا ابا پکارتے ہوئے بے یار و مددگار پھرنے لگے۔

11. "ہم چنگیز کی نسل ہیں جس کی تلوار سے زمین کانپتی تھی۔ ہم تیمور کی اولاد ہیں جو ملکوں کا اور شہریاروں کا شاہ تھا۔ ہم شاہ جہاں کے گھر والے ہیں، جس نے ایک قبر پر جواہر نگار بہار دکھا دی اور دنیا میں بے نظیر مسجد دہلی کے اندر بنا دی۔"

12. ان کا چودھری بولا: "ہم نے کے بیرا (ہمیں کیا خبر) کہ تم کے کام (کیا کام) کر سکے ہے۔" میں نے جواب دیا "میں سپاہی زادہ ہوں۔ تیغ و تفنگ چلانا میرا ہنر ہے، اس کے علاوہ اور کوئی کام نہیں جانتا۔"

13. اب ہم کو کھانے کی فکر ہوئی کیوں کہ اناج سب بھیگ کر سڑ گیا تھا۔ گاؤں والوں سے مانگتے ہوئے لحاظ آتا تھا وہ بھی ہماری طرح مصیبت میں مبتلا تھے۔ تاہم بے چارے گاؤں کے چودھری کو خود ہی خیال ہوا اور اس نے قطب صاحب سے ایک روپیہ کا آٹا منگوا دیا۔

14. چناں چہ میں نے دیکھا کہ والدہ کا رنگ متغیر ہو گیا۔ باوجود فاقہ کی ناتوانی کے انھوں نے تیور بدل کر کہا: تُف ہے تیری غیرت پر، خیرات اور زکوٰۃ لے آیا ہے اور خوش ہوتا ہے۔ ارے اس سے مر جانا بہتر تھا۔

15. جب دہلی زندہ تھی اور ہندوستان کا دل کہلانے کا حق رکھتی تھی، لال قلعہ پر تیموریوں کا آخری نشان لہرا رہا تھا۔ انھی دنوں کا ذکر ہے کہ مرزا سلیم بہادر (جو ابو ظفر بہادر شاہ کے بھائی تھے) اپنے مردانہ مکان میں بیٹھے ہوئے دوستوں سے بے تکلفانہ باتیں کر رہے تھے۔

M QADIR RAFIQUE

3۔ سبق: مکاتیبِ غالب

16. تم تو نورس ہو، اس نہال کے جس نے میری آنکھوں کے سامنے نشو و نما پائی ہے اور میں ہوا خواہ و سایہ نشین اس نہال کا رہا ہوں، کیوں کر تم مجھ کو عزیز نہ ہو گے؟ رہی دید وا دید، اس کی صورتیں ہیں: تم دلی میں آؤ یا میں لوہارو آؤں۔

17. ہر چند قاعدہ عام یہ ہے کہ عالم آب و گل کے مجرم، عالم ارواح میں سزا پاتے ہیں، لیکن یوں بھی ہوا ہے کہ عالم ارواح کے گناہ گار کو دنیا میں بھیج کر سزا دیتے ہیں۔ چناں چہ میں آٹھویں رجب 1212ھ میں روبکاری کے واسطے یہاں بھیجا گیا۔

18. فکر نظم و نثر کو مشقت ٹھہرایا۔ برسوں کے بعد جیل خانے سے بھاگا۔ تین برس بلاد شرقیہ میں پھرتا رہا۔ پایان کار مجھے کلکتہ سے پکڑ لائے اور پھر اسی محبس میں بٹھا دیا۔ جب دیکھا کہ قیدی گریز پا ہے، دو ہتھکڑیاں اور بڑھا دیں۔

19. تم سچ کہتے ہو کہ بہت مسودے اصلاح کے واسطے فراہم ہوئے ہیں، مگر یہ نہ سمجھنا کہ تمھارے ہی قصائد پڑے ہیں۔ نواب صاحب کی غزلیں بھی اسی طرح دھری ہوئی ہیں۔ برسات کا حال تمھیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے۔

20. میں ناتواں بہت ہو گیا ہوں، گویا صاحب فراش ہوں۔ کوئی شخص نیا تکلف کی ملاقات کا آجائے تو اٹھ بیٹھتا ہوں۔ لیٹے لیٹے خط لکھتا ہوں، لیٹے لیٹے مسودات دیکھتا ہوں۔

4۔ سبق: ایک استاد عدالت کے کٹہرے میں

21. جس زمانے میں روم میں مَیں لیکچرر تھا، روم یونی ورسٹی میں، مَیں سب سے Youngest پروفیسر تھا۔ یونی ورسٹیوں میں چھٹیاں تھیں، گرمیوں کا زمانہ تھا۔ دوپہر کے وقت ریڈیو اسٹیشن مجھے اُردو براڈ کاسٹنگ کرنی پڑتی تھی۔

22. وہاں ایک سپاہی کھڑا تھا، اس نے مجھے دیکھا، اور اُس نے پروا نہیں کی جانے دیا کہ یہ جا رہا ہے۔ جب میں نے دیکھا شیشے میں سے گردن گھما کے، کچھ مجھے تھوڑا سا یاد پڑتا ہے کہ میں طنزاً مسکرایا۔

23. ہم نے تجھے یہ کرائے پر کمرہ بھی دیا ہوا ہے لیکن تو ویسا نہیں نکلا۔ خیر! گھر خالی کرنے کو تو نہیں کہا۔ جو بڑھی مائی تھی، ان کی ساس تھی، اس نے کہا، ہو تو گیا ہے برخوردار چالان، لیکن کسی سے ذکر نہ کرنا۔ محلے داری کا معاملہ ہے۔

24. اب میں ڈرا۔ میری سٹی گم ہوئی۔ پریشان ہوا کہ اب میں دیارِ غیر میں ہوں۔ کوئی میرا حامی و ناصر، مددگار نہیں ہے۔ میں کس کو اپنا والی بناؤں گا۔ میرا ڈاکٹر تھا۔ "ڈاکٹر بالدی" اس کا نام تھا، نوجوان تھا۔

25. اب وہ کٹہرا چھوٹا سا، میں اس کو پکڑ کر کھڑا ہوں۔ وہ کرسی لے کر آئے۔ حکم ہوا کہ تو Teacher ہے، کھڑا نہیں رہ سکتا۔ جج نے کہا کہ اے معزز استاد! اے دنیا کو علم عطا کرنے والے استاد! اے محترم ترین انسان!

26. اس لیے ہم آپ کے فرمان کے مطابق مجبور ہیں۔ عدالت نے جو ضابطہ قائم کیا ہے، اس کے تحت آپ کو چیک کریں۔ باوجود اس کے کہ ہمیں اس بات کی شرمندگی ہے، اور ہم بے حد افسردہ ہیں کہ ایک استاد کو جس سے محترم، اور کوئی نہیں ہوتا، اپنی عدالت میں ٹرائل کر رہے ہیں۔

5۔ سبق: اور پاکستان بن گیا

27. پاکستان بن گیا۔ لیگی راہ نما کراچی دار لحکومت جا چکے تھے۔ مشرقی پنجاب میں خون کی ہولی کھیلی جا رہی تھی۔ بڑے چچا اس صدمے سے جسے نڈھال ہو گئے تھے۔ بیٹھک میں بیماروں کی طرح وہ ہر ایک سے پوچھتے رہتے "یہ کیا ہو رہا ہے؟"

28. "کہاں ہو گا میرا شکیل؟"، بمبئی میں فساد کی خبر سن کر بڑی چچی بلکنے لگیں۔ "تمھارا پاکستان بن گیا جمیل! تمھارے ابا کا ملک بھی آزاد ہو گیا، پر میرے شکیل کو اب کون لائے گا؟"

29. شام سب لوگ خاموش بیٹھے چائے پی رہے تھے کہ ماموں کا خط آ گیا۔ انھوں نے اماں کو لکھا تھا کہ انھوں نے اپنی خدمات پاکستان کے لیے وقف کر دی ہیں اور وہ جلد ہی جا رہے ہیں۔ اگر آپ لوگوں کو چلنا ہو تو فوراً جواب دیجیے۔

30. "کون جا رہا ہے پاکستان؟" بڑے چچا نے صحن میں قدم رکھتے ہی بوکھلا کر پوچھا۔ انھوں نے اماں کی باتیں سن لی تھیں۔ "میں اور عالیہ جائیں گے، اور کسے جانا ہے۔" اماں نے تڑاخ سے جواب دیا۔

31. "کیا آپ چلنے سے پہلے بڑے چچا کو یہی بدلہ دینا چاہتی ہیں؟ بڑے چچا نے کسی کو تباہ نہیں کیا، بڑے چچا نے کسی کو دعوت نہیں دی تھی کہ آؤ اور میرا ساتھ دو۔ آپ آج اچھی طرح سن لیں کہ مجھے بڑے چچا سے اتنی ہی محبت ہے جتنی ابا سے تھی۔"

32. وہ آہستہ آہستہ ٹہلنے لگی، عجب سی حالت ہو رہی تھی، جیسے سوچنے سمجھنے کی ساری صلاحیت کسی نے چھین لی ہو۔ "کیا یہ میں ہوں؟" اس نے اپنے آپ سے پوچھا اور پھر اپنی آواز سن کر حیران رہ گئی۔

6۔ سبق: نیا قانون

M QADIR RAFIQUE

33. منگو کوچوان اپنے اڈے میں بہت عقل مند آدمی سمجھا جاتا تھا۔ گو اس کی تعلیمی حیثیت صفر کے برابر تھی اور اس نے کبھی اسکول کا منہ بھی نہیں دیکھا تھا۔ لیکن اس کے باوجود اسے دنیا بھر کی چیزوں کا علم تھا۔

34. جب کسی نشے میں دھت گورے سے اس کا جھگڑا ہو جاتا تو سارا دن اس کی طبیعت مکدر رہتی اور وہ شام کو اڈے میں آ کر بل مار کہ سگریٹ پیتا یا حقے کے کش لگاتے ہوئے اس گورے کو جی بھر کر سنایا کرتا۔

35. دو مارواڑی جو کچہری میں اپنے دیوانی مقدمے کے سلسلے میں آئے تھے، گھر جاتے ہوئے جدید آئین یعنی انڈیا ایکٹ کے متعلق آپس میں بات چیت کر رہے تھے۔ "سنا ہے پہلی اپریل سے ہندوستان میں نیا قانون چلے گا"

36. مارواڑیوں کو ان کے ٹھکانے پر پہنچا کر اس نے انار کلی میں دینو حلوائی کی دکان پر آدھ سیر دہی کی لسی پی کر ایک بڑی ڈکار لی اور مونچھوں کو منہ میں دبا کر ان کو چوستے ہوئے ایسے ہی بلند آواز میں کہا: "ہت تیری ایسی کی تیسی"!

37. پہلی بار اپریل تک استاد منگو نے جدید آئین کے خلاف اور اس کے حق میں بہت کچھ سنا مگر اس کے متعلق جو تصور وہ اپنے ذہن میں قائم کر چکا تھا، بدل نہ سکا۔ وہ سمجھتا تھا کہ پہلی اپریل کو نئے قانون کے آتے ہی سب معاملہ صاف ہو جائے گا۔

38. اس سوال میں بلا کا طنزیہ انداز تھا، صاحب بہادر کہتے وقت اس کا اوپر کا مونچھوں بھرا ہونٹ نیچے کی طرف کھنچ گیا اور پاس ہی گال کے اس طرف جو مدھم سی لکیر ناک کے نتھنے سے ٹھوڑی کے بالائی حصے تک چلی آ رہی تھی، ایک لرزش کے ساتھ گہری ہو گئی۔

39. گورا پچھلے برس کے واقعے کو پیش نظر رکھ کر استاد منگو کے سینے کی چوڑائی نظر انداز کر چکا تھا۔ وہ خیال کر رہا تھا کہ اس کی کھوپڑی پھر کھجلا رہی ہے۔ اس حوصلہ افزا خیال کے زیر اثر وہ تانگے کی طرف اکڑ کر بڑھا۔

40. "وہ دن گزر گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔ اب نیا قانون ہے میاں۔ نیا قانون! اور بے چارہ گورا اپنے بگڑے ہوئے چہرے کے ساتھ بے وقوفوں کی مانند کبھی استاد منگو کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی ہجوم کی طرف۔

7۔سبق: دہلیز

41. رفیق: یہ بات نہیں ہے سلامے۔ شریف آدمی بننے کے لیے مجھے وہ سارے بوجھ اپنی گردن سے اتارنے ہوں گے جو میں نے ان بارہ سالوں میں جمع کیے ہیں، سارے جرائم اور غیر قانونی کام جو میں کرتا رہا ہوں ان کا کفارہ ادا کیے بغیر مجھے، ان لوگوں کے ساتھ کھڑا ہونے کا کوئی حق نہیں۔

42. سلامت: پر وہ کام تم نے اپنی خوشی سے تو نہیں کیے تھے۔ رفیق: (زور دیتے ہوئے) کیے تو تھے نا۔۔۔ قانون تو توڑا تھا نا۔ نقصان تو پہنچا ہے نا لوگوں کو میری وجہ ہے۔

43. رفیق: ضمیر پر بوجھ لے کر آزاد رہنے سے چند سال کی جیل کاٹ لینا برا سودا نہیں اختر۔۔۔ (جاتے جاتے رکتا ہے۔) پھر تم بھی کسی جھجک کے بغیر مجھے اپنا دوست کہہ سکو گے۔۔۔ کہو گے نا!

44. سعیدہ: خالد بہت اچھے ہیں ابو! بہت اچھے، مگر آپ کہا کرتے ہیں نا ابو کہ کسی دوسرے کے لیے کچھ کرنا ہو تو اپنے آپ کو مارنا پڑتا ہے۔ اپنے اندر سے اپنے حصے سے کچھ کاٹ کر اسے دینا پڑتا ہے۔

45. سعیدہ: کسی اور کو ہو نہ ہو، ہمیں تو پتا ہے عابد کہ اس نے جو کچھ کیا، کیوں کیا تھا۔ اگر ایک گناہ گار توبہ کر لے، کفارہ ادا کر دے اپنے جرموں کا، سزا بھگت لے اپنی غلطی کی، تو کیا اس کے بعد بھی معاشرہ اسے قبول نہ کرے!

8۔سبق: تاریخ کا کفن

46. پوری عید گاہ کراچی کے بھانت بھانت کے لوگوں سے اٹی پڑی تھی۔ قطاریں شمار سے باہر نمازی بے انداز! کچھ کے کپڑوں کے جوڑے نئے کچھ کے دھلے ہوئے، کچھ کے اجلے رنگ اتنے سارے کہ جیسے آسمان سے رنگوں کی دھنک زمین پر اتر آئی ہو۔

47. یک شخص ہجوم سے راستہ بناتا، بلّہ بولتا، آگے بڑھ آیا۔ اس کے ہونٹ پتلے اور خشک، آنکھیں بے رونق اور بال اُجڑے ہوئے تھے۔ اس نے لوگوں سے بلند آواز میں کہا: "میں اسے اچھی طرح جانتا ہوں۔ یہ چور نہیں نہ ہی جیب کترا اور نہ ہی لفنگا ہے۔ یہ صرف شیدی ہے۔"

48. پہلی صف کے عین عقب میں محمود صاحب کی حفاظت کے لیے سادہ کپڑوں میں حفاظتی عملہ کے برجستہ اور طاقت در ارکان بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ بہ ظاہر عید پڑھنے اور اللہ کی عظمت کے سامنے سر بہ سجود ہونے آئے تھے، لیکن دراصل وہ محمود صاحب کی حفاظت کے لیے وہاں موجود تھے۔

49. شیدی جب اچھلتا، چھلانگیں مارتا، دوسری صف پھلانگ کر پہلی صف کی طرف بڑھنے لگا، تب اسے حفاظتی ملا کے عقابوں نے جھپٹ کر قابو کر لیا۔ وہ پلک جھپکنے میں ہی اسے لاتیں، ٹھڈے، مکے اور گھونسے مارتے عید گاہ سے باہر لے گئے۔

M QADIR RAFIQUE

50. سانس بند ہونے لگی۔ ناک، مٹھ اور کانوں سے خون رستا، بہتا رہا۔ اس نے شکستہ لہجہ میں کہا، "میں پہلی قطار میں کھڑا ہو کر نماز پڑھوں گا۔" حفاظتی حملے کے ایک تو مند نوجوان نے شیدی کے سینے پر گھونسے کا بھرپور وار کیا اور پھر اسے گالی دیتے ہوئے کہا: "ڈرامہ کرتے ہو، سُور کے بچے!"

سوال نمبر2: درج ذیل نظموں کے خلاصے تیار کریں:

1۔ اے وادیِ لولاب

2۔ او دیس سے آنے والے بتا

3۔ اخلاص

4۔ نعت

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ تحریر کریں۔ (مصنف کا نام بھی تحریر کریں)

1۔ نیا قانون (سعادت حسن منٹو)

2۔ ایک استاد عدالت کے کٹہرے میں (اشفاق احمد)

3۔ اخلاقِ نبوی ﷺ (مولانا شبلی نعمانی)

4۔ اور پاکستان بن گیا (خدیجہ مستور)

5۔ فاقہ میں روزہ (خواجہ حسن نظامی)

1۔ اہم ترین مکالمہ جات

1. کمپیوٹر / انٹرنیٹ / موبائل فون کے مثبت اور منفی استعمال پر دو دوستوں یا سہیلیوں کے درمیان مکالمہ
2. مہنگائی کے موضوع پر دو دوستوں یا دکاندار اور خریدار کے درمیان مکالمہ۔
3. مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ (بیماری، حفظانِ صحت یا ڈینگی / کرونا کے حوالے سے)۔
4. طالب علم اور استاد کے درمیان امتحان کی تیاری یا وقت کی پابندی کے موضوع پر مکالمہ۔
5. سگریٹ نوشی / منشیات کے نقصانات پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ۔
6. گداگری (بھیک مانگنے کی لعنت) کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ۔

یا

2۔ اہم ترین روداد نویسی

1. کالج میں شجرکاری مہم کی تقریب کی روداد
2. کالج میں یومِ اقبالؒ یا یومِ قائد اعظمؒ کی تقریب کی روداد۔
3. کالج کے سالانہ جلسہ تقسیمِ انعامات کی روداد۔
4. کالج میں ہونے والے سالانہ کھیلوں (Sports Day) کی روداد۔
5. کالج میں منعقدہ الوداعی تقریب (Farewell Party) کی روداد۔
6. کسی تاریخی یا تفریحی مقام کی سیر کی روداد۔

3۔ اہم ترین درخواستیں

M QADIR RAFIQUE

1. پرنسپل کے نام فیس معافی یا جرمانہ معافی کی درخواست۔
2. پرنسپل کے نام بیماری / ضروری کام / شادی میں شرکت کے لیے رخصت کی درخواست
3. پرنسپل کے نام حصولِ سرٹیفکیٹ (کریکٹر سرٹیفکیٹ / کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ) کی درخواست۔
4. ڈپٹی کمشنر / چیئرمین میونسپل کمیٹی کے نام محلے کی صفائی اور گندگی دور کرنے کی درخواست۔
5. ڈپٹی کمشنر یا ڈی پی او (DPO) کے نام محلے میں جرائم کی روک تھام یا لاؤڈ سپیکر کے بے جا استعمال پر پابندی کی درخواست۔
6. پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک خانے کے عملے یا ڈاکیے کی غفلت کی شکایت کی درخواست۔

یا

4۔ اہم ترین رسیدیں

1. رسید بابت وصولی رقم فروخت موٹر سائیکل / کار
2. رسید بابت وصولی کرایہ مکان / دکان۔
3. رسید بابت فروخت بھینس / گائے / بیل (یہ بورڈ کے امتحانات میں بہت زیادہ دہرائی جاتی ہے)۔
4. رسید بابت وصولی قرضِ حسنہ / ادھار رقم۔
5. رسید بابت فروخت لیپ ٹاپ / موبائل فون۔

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل (نظم) کے اشعار کی تشریح کریں۔

1۔ حمد (حفیظ تائب)

(1) شانِ جلال کس کی عیاں ہے جَبَل جَبَل رنگِ جمال کس کا جما ہے اُفق اُفق
(2) کس کے لیے سُرودِ صبا ہے چمن چمن کس کے لیے نمودِ ضیا ہے اُفق اُفق
(3) سوزاں ہے کس کی یاد میں تائب نَفَس نَفَس فُرحت میں کس کی ، شعلہ نوا ہے اُفق اُفق

2۔ نعت (پیر نصیر الدین نصیر)

(4) اے رسولِ امیںؐ ، خاتم المرسلیںؐ، تجھ سا کوئی نہیں ، تجھ سا کوئی نہیں ہے عقیدہ یہ اپنا بہ صِدق و یقیں، تجھ سا کوئی نہیں ، تجھ سا کوئی نہیں
(5) بزمِ کونین پہلے سجائی گئی، پھر تری ذات منظر عام پر لائی گئی سیّدالاوّلین، سیّدالآخریں، تجھ سا کوئی نہیں ، تجھ سا کوئی نہیں
(6) سَدرۃ المنتہٰی رہگزر میں تری ، قابَ قوسین گردِ سفر میں تری تُو ہے حق کے قریں، حق ہے تیرے قریں، تجھ سا کوئی نہیں، تجھ سا کوئی نہیں
(7) اے سراپا نفیس انفسِ دوجہاں، سرورِ دلبراں دلبرِ عاشقاں ڈھونڈتی ہے تجھے میری جانِ حزیں، تجھ سا کوئی نہیں ، تجھ سا کوئی نہیں

3۔ اے وادیِ لولاب (علامہ محمد اقبالؒ)

M QADIR RAFIQUE

(8) پانی ترے چشموں کا تڑپتا ہے ہوا سیماب مرغانِ سَحَر تیری فضاؤں میں ہیں بے تاب
(9) مُلّا کی نظر نُورِ فراست سے ہے خالی بے سوز ہے مے خانہ صوفی کی مئے ناب
(10) بیدار ہُوں دل جس کی فُغانِ سحری سے اس قوم میں مدّت سے وہ درویش ہے نایاب

4۔ او دیس سے آنے والے بتا (اختر شیرانی)

(11) آوارہ غربت کو بھی سنا کس رنگ میں ہے کَنعان وطن وہ باغِ وطن فردوسِ وطن ، وہ سروِ وطن ریحانِ وطن
(12) کیا اب بھی وہاں کے باغوں میں مستانہ ہوائیں آتی ہیں کیا اب بھی وہاں کے پربت میں گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں
(13) کیا اب بھی وطن میں ویسے ہی سر مست نظارے ہوتے ہیں کیا اب بھی سہانی راتوں کو وہ چاند ستارے ہوتے ہیں
(14) کیا اب بھی کسی کے سینے میں باقی ہے ہماری چاہ ، بتا کیا یاد ہمیں بھی کرتا ہے اب یاروں میں کوئی آہ ، بتا

5۔ آزادی (احسان دانش)

(15) عبادت ہے سراپا جذبہ تعمیرِ آزادی شہادت مستقل اک سُرخی تحریرِ آزادی
(16) فضائیں کر رہی ہیں ذوقِ ایثار و عمل پیدا لہو میں دوڑتا ہے شعلہ تاثیرِ آزادی
(17) لہو برسا، بہے آنسو ، لُٹے رہرو، کٹے رشتے ابھی تک نامکمل ہے مگر تعمیرِ آزادی
(18) مجھے دنیا کے ہر گوشے میں قندیلیں جلانے دو مرا مذہب ہے اِک پیغامِ عالمگیرِ آزادی

6۔ اِخلاص (ریاض مجید)

(19) ہم دوشِ ثریّا ہے مقامِ اِخلاص جو ملتا ہے، ملتا ہے غلامِ اِخلاص
(20) اسلام ہے پابندیِ اخلاص کا نام اور نام ہے اسلام کا نام اخلاص

سوال نمبر6: مندرجہ ذیل (غزل) کے اشعار کی تشریح کریں۔

1۔ غزل: فراق گورکھپوری

سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اِس ترکِ محبّت کا بھروسا بھی نہیں

مہربانی کو محبت نہیں کہتے اے دوست!
آہ اب مجھ سے تری رنجشِ بے جا بھی نہیں

ایک مدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

2۔ غزل: منیر نیازی

بے چین بہت پھرنا، گھبرائے ہوئے رہنا
اک آگ سی جذبوں کی ، دہکائے ہوئے رہنا

چھلکائے ہوئے چلنا ، خوشبو لبِ لعلیں کی
اک باغ سا ساتھ اپنے ، مہکائے ہوئے رہنا

M QADIR RAFIQUE

اک شام سی کر رکھنا ، کاجل کے کرشمے سے
اک چاند سا آنکھوں میں ، چمکائے ہوئے رہنا

3۔ غزل: احمد فراز

سلسلے توڑ گیا وہ سبھی جاتے جاتے
ورنہ اتنے تو مراسم تھے کہ آتے جاتے
شکوہ ظلمتِ شب سے تو کہیں بہتر تھا
اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے
جشنِ مقتل ہی نہ برپا ہوا ورنہ ہم بھی
پابجولاں ہی سہی ناچتے گاتے جاتے

4۔ غزل: پروین شاکر

بادباں کھلنے سے پہلے کا اشارہ دیکھنا
میں سمندر دیکھتی ہوں تم کنارہ دیکھنا
کس شباہت کو لیے آیا ہے دروازے پہ چاند
اے شبِ ہجراں! ذرا اپنا ستارہ دیکھنا
کیا قیامت ہے کہ جن کے نام پر پسپا ہوئے
اُن ہی لوگوں کو مقابل میں صف آرا دیکھنا

سوال نمبر 8: مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کریں۔

1) رشوت ہمارے معاشرے کا مہلک مرض ہے۔ یہ سرطان سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ اس نے عدل وانصاف کا گلا گھونٹ کر رکھ دیا ہے۔ جس نے تمام محکموں کو اپاہج بنا کر رکھ دیا ہے۔ میں کروڑ انسان فائلوں تلے سسک رہے ہیں۔ کمیشن جیسی اصطلاح نے رشوت کو ایسا لبادہ اوڑھا دیا ہے کہ لوگ اسے اپنا حق سمجھ کر وصول کر رہے ہیں۔ رشوت "راتوں رات امیر بننے کی حسرت کا نتیجہ ہے۔ یہ مقابلے کا دور ہے اور یہ مقابلہ، مال ودولت میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا مقابلہ ہے۔ رشوت کے راستے اس دوڑ میں آگے بڑھنے کا نتیجہ دنیا میں معاشرتی اور اخلاقی اقدار کی تباہی اور آخرت میں دوزخ کا ایندھن بننے کے سوا کچھ نہیں۔

2) الف) ایک نہایت عاجز مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لاگ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن کو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

3) بچہ جب پہلے پہل سکول جاتا ہے تو گھر اور سکول کے ماحول میں فرق کو بہت شدت سے محسوس کرتا ہے۔ جو ضروریات گھر میں آسانی سے ہر وقت پوری ہو جاتی تھیں، سکول میں ان کے لئے خاطر خواہ انتظام نہیں ہوتا۔ گھر کے مانوس افراد کی نسبت یہاں اس کا واسطہ اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی شکل میں اجنبی لوگوں سے پڑتا ہے۔ یہاں بچے کو اپنی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کا شعور اور اندازہ نہیں ہوتا۔ ان حالات میں اگر سکول میں اس کو اساتذہ کی طرف سے رہنمائی میسر آجائے تو اس کی بہت سی مشکلات اور مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ بصورت دیگر تعلیمی کامیابی کے امکان کم اور محدود ہو جاتے ہیں۔

4) مشرق نے ازمنہ، قدیم ہی سے سنیاس، مردم بے زاری اور رہبانیت کو حصول منزل کا ایک ذریعہ تصور کیا ہے۔ مگر اقبال نے اصل فقیر اسے کہا ہے جس کا سفینہ ہمیشہ طوفانی ہوا اور جو زندگی سے متصادم ہو کر اپنے لیے ایک ایسی راہ تراشے جو بالآخر خودی کی عریانی پر منتج ہو، مگر اس کے سفر کے لیے قوت درکار ہے اور اقبال کے نزدیک عشق ہی وہ فعال اور متحرک قوت ہے جو اسے منزل تک پہنچا سکتی ہے۔

5) ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اُس کی ماں ہے سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی منھی منی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی کی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت ان کے سامنے وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طریقے پر ماں کا اثر بہ نسبت باپ 8,2 (ورق الٹے) 109,1 کے زیادہ ہوتا ہے۔ گھر میں ماں کا نیک مثال ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

M QADIR RAFIQUE

6) نصابوں میں علاقائی شخصیتوں کو اس طرح پیش کرنا چاہیے کہ ان کو پورے پاکستان کے لوگ اپنی عظمتوں کی فہرست میں شامل کریں۔خوش حال خاں خٹک صرف پشتونوں کے ہی کیوں ہیرو ٹھہرائے جائیں؟ کیوں نہ پورا پاکستان اس کو عزت کی نگاہ سے دیکھے۔زبان کا مسئلہ اسی طرح سوچا جا سکتا ہے۔مقامی زبانوں کے باوجود مرکزی قومی زبان کے تحفظ اور فروغ کو تمام علاقوں کے لوگ اپنا فریضہ خاص خیال کریں۔اُردو زبان ڈیڑھ سو سال تک دورِ غلامی میں مسلمانانِ ہند کی وحدت کا نشان رہی ہے۔اس کے لیے اجتماعی پیمانے پر بڑی بڑی لڑائیاں لڑی گئیں۔یہ قومی تحریکوں کی ترجمان رہی ہے۔اس میں اجتماعی احساسات بھرپور طریقے سے ظاہر ہوتے ہیں۔بڑا ستم ہو گا اگر علاقائی تعصب میں آکر ہم وحدت کے اس نشان کو ضائع کریں۔

7) ہمارا مذہب اسلام اپنے پیروکاروں سے زندگی کے عام معمولات میں نظم وضبط کے مظاہرے کا مطالبہ کرتا ہے۔قومی زندگی میں نظم وضبط قائم کرنا محض خدا، رسول ﷺ کا حکم ہی نہیں۔ہماری ذاتی سلامتی اور ہمارے ملک کی سلامتی کا ایک ناگزیر تقاضا بھی ہے۔جنگ اور قومی زندگی کے دوسرے نازک مواقع پر نظم وضبط کا فقدان ہمیں ہلاکت اور تباہی سے دوچار کر سکتا ہے۔لہذا ہمیں اپنے گھروں، دکانوں دفتروں تعلیمی اور دیگر قومی اداروں میں نظم وضبط کی پرورش اور ترویج کرنی چاہیے اور اپنی ذات کی بھی ڈسپلن اور آئین و قانون کی پابندی کا عادی بنانا چاہیے۔

8) اس وقت وطنِ عزیز ایک آتش فشاں کے دہانے پر ہے۔جو لوگ ان آتشی شعلوں کی زد میں ہیں وہ آخرت کو سدھار رہے ہیں۔جو بچ رہے ہیں، وہ جیتے جی مر رہے ہیں۔شہر شہر اور قریہ قریہ کربلا کا منظر ہے۔لوگ اپنے معصوم بچوں، بے گناہ عورتوں اور مردوں کے لاشے اٹھا اٹھا کر تھک چکے ہیں۔ان کی نیندیں اڑ چکی ہیں۔ان کے کھانے بے لذت ہو چکے ہیں کہ جلتے جسموں کے مناظر اور پیاروں کی چیخ و پکار ان کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔کتنا بڑا المیہ ہے کہ سب کچھ دین اسلام کے نام پر ہو رہا ہے۔وہ دین جس کا معنی ہی امن و سلامتی ہے۔وہ دین جس کا پیغام حیات بخش ہے نہ کہ حیات کش۔جو دکھ درد بانٹنے کا درس دیتا ہے نہ کہ سکھ چین چھیننے کا جو کشتِ انسانیت میں محبت کے پھول اگانے کی بات کرتا ہے نہ کہ کانٹے بچھانے کی۔

9) آج کل پاکستان جن حالات سے دوچار ہے وہ ہم سب کے لیے دعوتِ فکر ہے کہ پاکستان کو ان مشکلات و مصائب سے کس طرح اور کیسے چھٹکارا حاصل ہو سکتا ہے۔پاکستان جو ابھی ترقی کی راہ گامزن ہو رہا ہے، بے شمار سیاسی، سماجی اور اقتصادی مسائل سے دوچار ہے۔خاص طور سے اب جب کہ ہمارا ایک بازو یعنی مشرقی پاکستان جو چند افراد کی غلطیوں اور ذاتی مفاد پرستی کی وجہ سے ہم سے علیحدہ ہو چکا ہے اور جہاں ساری قوم کو شرمندگی و ندامت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔جہاں محبِ وطن عوام کو یہ دکھ سہنا پڑا وہاں بہت سے ایسے پیچیدہ مسائل اور بہت سی مشکلات نے ہمیں گھیر لیا جو اسے ترقی کی راہ پر لے جانے کی بجائے دوبارہ پستی کی طرف لے جانے لگے۔

10) داستان گوئی بنی نوع انسان کے قدیم ترین مشاغل میں سے ایک ہے۔داستان کہنے اور سننے کا شغل دنیا کے ہر ملک اور ہر قوم میں کسی نہ کسی صورت میں ہمیشہ موجود رہا ہے۔غور کیا جائے تو داستان گوئی ہی دنیا کے تمام ترادبی کارناموں کی بنیاد ٹھہرتی ہے۔ہر علاقے اور ہر خطے میں سنائی جانے والی داستانوں کے رنگ دوسرے علاقے یا خطے کی داستانوں سے مختلف رہے ہیں۔یورپ میں داستانوں کے تین مشہور سلسلے تھے۔روم، فرانس اور برطانیہ کی داستانیں۔اسی طرح برصغیر پاک وہند میں اردو داستانوں کے بھی تین ماخذ قرار دیے جا سکتے ہیں۔عربی، فارسی اور ہندی ماخذ۔

11) شاید ہندوستان میں کسی اور زبان کے شاعر کو یہ امتیاز حاصل نہیں کہ وہ ماضی، حال اور مستقبل پر یکساں گرفت رکھتا ہو۔غالب اپنے عہد میں بھی سربر آوردہ تھا اور آج بھی سب سے زیادہ قد آور ہے اور کل بھی اس کے خیال کی رفعتوں کے سامنے پست و زبوں ہی نظر آتا ہے۔یقین ہے کہ آنے والی نسلیں غالب کو انبساط و انقباض، کرب و نشاط اور رنج و راحت کے ہر موڑ پر اپنا ہم نواز اور شریک پائیں گی۔وہ لمحوں کا شاعر ہے، مگر یہ لمحے قید مکان و زماں سے آزاد اور حلقہ شام و سحر سے ماورا ہیں۔

12) اتفاق کی خوبیاں لوگوں نے بہت کچھ بیان کی ہیں اور وہ ایسی ظاہر ہیں کہ کوئی شخص اتفاق سے بھی ان کو بھول نہیں سکتا۔بہت بڑے بڑے واقعات دنیا میں گزرے ہیں۔جن کو پرانی تاریخیں یاد دلاتی ہیں اور جن کی یاد سے ایک عجیب اثر ہمارے دلوں پر ہوتا ہے اور وہ سب باہمی اتفاق کا نتیجہ ہے۔ایک ناچیز ریشہ جو نہایت کمزور ہوتا ہے۔باہمی اتفاق سے ایسا قوی اور زبردست ہو جاتا ہے کہ بڑی سے بڑی قوت کا مقابلہ کرتا ہے۔اس وقت تعلیم یافتہ دنیا میں جو کچھ ترقی ہے یا مہذب ملکوں میں جو کچھ طاقت ہے وہ سب اتفاق کی بدولت ہے۔

13) اقبال اخلاق کا ایک عمدہ نمونہ تھے۔خلیق اور ملنسار تھے۔ہم نے کبھی آپ کو غصہ کرتے نہیں دیکھا۔کوئی ناگواری ہوتی تو آپ ضبط کرتے۔تحمل اور ضبطِ نفس بغایت تھا۔عزم، حوصلہ، ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کے مالک تھے۔جس کام کی نیت فرماتے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچائے بغیر نہ رہتے۔جھوٹ سے انتہائی نفرت تھی۔صداقت اور حق گوئی کو پسند فرماتے تھے۔تکبر، جاہ پسندی اور ہوس دنیا نام کو بھی آپ میں نہ تھی۔تواضع اور انکسار آپ کی خوبی تھی۔

14) لوگ وقت کی قدر و قیمت نہیں پہچانتے۔انہیں یہ پتا نہیں ہے کہ انسان کے ہاتھ میں اصل دولت وقت ہی ہے۔جس نے وقت کو ضائع کر دیا۔اس نے سب کچھ ضائع کر دیا۔قدرت نے انسان کے ہر لمحہ زندگی کے سات ایک اہم فرض باندھ رکھا ہے جس کی ادائیگی ہی میں اس کی زندگی کی ساری عظمتیں پوشیدہ ہیں۔اگر وہ اپنی زندگی کے کسی لمحہ میں بھی فرض کو پہچاننے یا ادا کرنے میں کوتاہی کر جائے جو اس لمحے کے ساتھ مخصوص ہے تو پھر اس فرض کا وقت زندگی میں کبھی نہیں آتا۔کیوں کہ اس کے بعد اس کی زندگی میں جو لمحات بھی میسر ہوتے ہیں وہ اپنے فرائض اور ذمہ داریاں ساتھ لاتے ہیں۔اس وجہ سے جو فرض رہ گیا، وہ گویا ہمیشہ کے لیے رہ گیا۔

15) امت مسلمہ کے زوال کا ایک اہم سبب یہ رہا ہے کہ تعلیم کو کبھی ایک بالاتر ترجیح نہیں سمجھا گیا۔وسائل کا رخ بالعموم ایسے منصوبوں کی طرف رہا جو قوم کے مستقبل کی تعمیر کے لیے چنداں مفید نہ تھے۔بتایا جاتا ہے کہ اکیسویں صدی کی ایک دہائی گزر جانے کے بعد بھی اسلامی دنیا کے ستاون ممالک میں صرف پانچ سو یونیورسٹیاں ہیں جب کہ صرف بھارت میں پونے نو ہزار کے قریب یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔جاپان کے ایک شہر ٹوکیوں میں یونیورسٹیوں کی تعداد پورے عالم اسلامی کی جامعات سے زیادہ ہے۔

16) اردو شاعری کے فروغ کا آغاز اسلامی تہذیب کے آخری دور میں ہوا۔جبکہ عیش پرستی اور کاہلی نے ہمارے ہم وطنوں کے خیالات وجذبات کی روحانی آگ کو قریب قریب ٹھنڈا کر دیا تھا۔قومی زندگی کی نبض سست ہو چکی تھی۔جو کچھ بلند خیالی وضعداری اور عالی حوصلگی کے جوہر باقی رہ گئے تھے ان کی ہستی بجھے ہوئے چراغوں کی روشنی سے زیادہ نہ تھی۔تاہم اس بدنصیبی کے دور میں اردو زبان کی خوش قسمتی سے چند ایسے باکمال پیدا ہوئے جو شاعری اور زبان دانی کے جوہر اپنے ساتھ لائے تھے اور جن کے ولولوں میں قومی زوال کے زمانے میں بھی بزرگوں کی حمیت اور تہذیب کا اثر باقی تھا۔

M QADIR RAFIQUE

17) اقبالؒ مسلمانوں کو خودی کی تعلیم دیتے ہیں خودی ان کے کلام میں اہم اصطلاح ہے۔ خودی انسان کی ذات اور شخصیت کو کہتے ہیں۔ انسان اپنی ذات کا پہنچانے، اپنی حقیقت تک پہنچنے، اپنے اور خدا کے تعلق کو سمجھے۔ اگر وہ خود کو سمجھ گیا تو خدا کا سراغ پالینا مشکل نہیں ہے۔ اقبال مسلمانوں میں خودی کو بیدار کرنا چاہتے ہیں۔ عجز، کمزوری اور بزدلی کو دور کر کے انسان کو اس کے اصل مقام سے آشنا کرانا چاہتے ہیں اور ایسے ہی مسلمانوں کو جس کی خودی بیدار ہوگئی ہو وہ مرد مومن کہتے ہیں۔

18) تعلیمی پستی کے یوں تو بہت سے اسباب ہیں اور اُن کی تفصیل کے لیے دفتر درکار ہے۔ لیکن میرے خیال میں گرتے ہوئے معیار تعلیم کا بنیادی سبب اور اصل وجہ تعلیم کے لیے مثبت منصوبہ بندی کا فقدان ہے۔ سستی شہرت اور نام نہاد نعرہ ترقی نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے۔ نام نہاد ماہرین نے تعلیم کو عام کرنے کا نعرہ لگایا تو ہر تحصیل اور قصبہ میں ایک ایک کالج منصہ شہود پر آیا۔ یہ کالج اپنی قسمت کا رونا رو رہے ہیں اور نونہالان قوم بھی مفت میں اپنی جان کھو رہے ہیں۔ کالج ہر تحصیل میں موجود ہے مگر عمارت سے محروم، عمارت ہے تو کہیں اساتذہ کی کمی اور عدم توجہی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ اساتذہ ہیں کہ رہائش کے مسئلہ سے دوچار دربدر مارے مارے پھرتے ہیں۔ عوام اپنے بے حس ہو چکے ہیں کہ ان کا تعاون نہ ہونے کے برابر ہے۔ جب تک کالج تدریسی عمارت، تجربہ گاہ، کالج ہال، ہاسٹل سے محروم اور پرنسپل اور سٹاف رہائش کے مسئلوں سے دوچار رہیں گے معیار تعلیم گرتا ہی چلا جائے گا۔

19) مجھے جمہوری نظام اس لیے پسند ہے کہ یہ ہمیں شرکت و شمولیت کی کھلے بندوں دعوت دیتا ہے جب کہ غیر جمہوری نظام ہم سے روحانی، جذباتی اور فکری شمولیت کا حق چھین لیتا ہے اور ہمیں لاتعلقی اور عدم دل چسپی کے صحرا میں عضوِ معطل کی طرح پھینک دیتا ہے۔ زندگی اور موت میں یہی فرق ہے کہ زندگی نام ہے شمولیت کا جب کہ موت نام ہے عدم شمولیت کا۔

20) انسان کی زندگی کا مقصد اپنے جیسے انسانوں کی مدد کرنا ہے۔ ایک اچھے مسلمان کے لیے حقوق اللہ یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ فرض ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ حقوق العباد بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ اگر کوئی حقوق اللہ ادا کرتا ہے تو یہ اس نے فرائض ادا کیے۔ لیکن اللہ کی طرف سے انسانوں پر انسان کے جو حقوق ہیں وہ کسی صورت معاف نہیں کیے جاسکتے۔ ایک اچھا مسلمان حقوق اللہ کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ حقوق العباد بھی ادا کرتا ہے۔ کامیاب لوگوں کا یہی شیوہ ہوتا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنا لیتے ہیں۔ دنیا اسی قسم کے لوگوں سے خوب صورت بن سکتی ہے۔

21) عوام کی جان و مال، عزت و آبرو کی حفاظت اور پاسبانی حکومت کے اوّلین اور بنیادی فرائض میں سے سب سے اہم فرض ہے۔ اور جو حکومت اس اہم فرض کو کماحقہ انجام نہیں دیتی اسے مسندِ اقتدار پر متمکّن رہنے کا کوئی حق نہیں حکومت کے قیام کے بارے میں جتنے نظریے بھی آج تک سامنے آئے ہیں ان میں اگر غور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ انسانی معاشرت میں حکومت جیسی قوت قاہرہ کے وجود کا بنیادی جواز یہی ہے کہ وہ اپنی طاقت سے اجتماعی زندگی میں امن و امان قائم کرے اور اپنے دائرہ اقتدار میں ایسے حالات پیدا کرے جن میں لوگ اپنی جان و مال، عزت و آبرو اور اپنے انسانی حقوق کے معاملے میں اپنے آپ کو بالکل محفوظ و مامون سمجھیں۔

M QADIR RAFIQUE